# اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ وَ الْعِشْرُونَ -25

ہم درج ذیل چیزیں سیکھ چکے ہیں۔

- جملہ اِسْمِیَہ کے بنیادی ارکان دو ہیں۔

1) اَلْمُبْتَدَاء 2) اَلْخَبَرُ

- اَلْخَبَرُ کی تین (3) اقسام ہیں۔

1) اَلْخَبَرُ الْمُفْرَد۔

2) اَلْخَبَرُ الْجُمْلَة۔

3) اَلْخَبَرُ شِبْهُ جُمْلَة۔

- پہلی قسم " اَلْخَبَرُ الْمُفْرَد "ہم پہلے پڑھ چکے ہیں۔آج ہم " اَلْخَبَرُ "کی دوسری قسم سیکھتے ہیں۔

1۔ اَلْخَبَرُ الْجُمْلَة

الف) اَقْسَام اَلْخَبَرُ الْجُمْلَة

1) خبر جُمْلَة اِسْمِيَّة۔

2) خبر جُمْلَة فِعْلِيَّة۔

ب) خُلَاصَةُ الْقَوَاعِد

DARULIMAAN INSTITUTE

## 1۔ اَلْخَبْرُ الْجُمْلَة:

الف) اَقْسَامِ اَلْخَبْرُ الْجُمْلَة:

- اَلْخَبْرُ الْجُمْلَة کی دو اقسام ہیں۔

1) جُمْلَة اِسْمِيَّة
2) جُمْلَة فِعْلِيَّة

1) جُمْلَة اِسْمِيَّة

جُمْلَة اِسْمِيَّة ۔ مبتدا + خبر

- خبر: اسم ، مبتدأثانٍ + ضمیر رابط عائد ظاہریامستتر+ خبر لِمبتدا ثانٍ

جیسے:

1) اَلْاِسلَامُ خَيْرُهٗ كَثِيْرٌ

اَلْخَبْرُ: "خَيْرُهٗ كَثِيْر

☆ مُفْرَد نہیں ہے۔

☆ نہ ہی شِبْهُ جُمْلَه ہے۔

☆خبر جُمْلَه اِسْمِيَّة ہے۔

DARULIMAAN INSTITUTE

اَلْاِسلَامُ خَیرُہٗ کَثِیرٌ

☆"ہٗ"ضمیر بارز/ ظاہر

☆مبنی مضاف الیہ ، محلاًمجرور

☆ضمیر رابط عائد لِمبتدا

رابط: یہ ضمیر مبتدا و خبر کے درمیان معنوی رابط قائم کرتی ہے۔

عائد: جو مبتدا کی طرف لوٹتی ہے۔

خَیرُہٗ کَثِیرٌ

مبتداثانی

مبتدا ثانی کی خبر "مرفوع"

مبتدأ ثانی + خبر = جملہ اسمیہ

• یہ مبتدا اوّل "اَلاِسلاِمُ" کے لیے خبر ہے اور اس کے اعراب محلاّمرفوع ہیں۔

اَلْوَلَدُ اِبتِسَامَتُہُ جَمِیلَۃٌ

اَلْخَبَرُ "اِبتَسَامَتُہُ جَمِیلَۃٌ

DARULIMAAN INSTITUTE

☆ مُفْرَد نہیں ہے۔

☆ نہ ہی شِبْهُ جُمْلَه ہے۔

☆خبر جُمْلَه اِسْمِيَّة ہے۔

اَلْوَلَدُ اِبْتِسَامَتُهُ جَمِيْلَةٌ

☆"هُ"ضمیر بارز/ ظاہر

☆مبنی مضاف الیہ ، محلاًمجرور

☆" مرفوع"

☆ضمیر رابط عائد لِمبتدا

اِبْتِسَامَتُهُ جَمِيْلَةٌ

مبتداثانی • خبر لمبتدا ثانی • مرفوع

"جملہ اسمیہ"

☆یہ مبتدااوّل " اَلْوَلَدُ "کے لیے خبر ہے اوراس کے اعراب محَلاًمرفوع ہیں۔

DARULIMAAN INSTITUTE

## 2) جُمْلَة فِعْلِيَّة:

مبتدا + خبر

خبر: فعل+ فاعل ،ضمیر مسُتتِررابط عائد + مفعول بہ

جیسے:

1) اَللّٰهُ يُحِبُ الْمُحْسِنِيْنَ (آل عمران:134)

اَلْخَبَرَ: يُحِبُّ المحسِنِيْنَ

☆ مُفْرَد نہیں ہے۔

☆ نہ ہی شِبْہُ جُمْلَہ ہے۔

☆خبرجُمْلَہ فِعْلِيَّة ہے۔

اَللّٰهُ يُحِبُ(هُوَ) الْمُحْسِنِيْنَ

☆اَلْخَبْرُ " يُحْبُّ (هُوَ) الْمُخسِنِيْنَ "

☆فعل " يُحْبُّ"

DARULIMAAN INSTITUTE

☆فاعل "هُوَ"ضمیر مستتر مقدّر رابط عائد لِمبتدا، اَللّٰہُ

☆خبر مفرد نہیں ہے۔

☆شِبْہُ جُمْلَہ نہیں ہے۔

☆خبرجُمْلَہ فِعْلِیَّۃ ہے۔فی محل رفعٍ

☆" اَلْمُحْسِنِیْنَ"۔ مفعول بہٖ

☆خبر،فعل+ فاعل+ مفعول سے مل کرجُمْلَہ فِعْلِیَّۃ ہوا۔

☆فی محل رفعٍ

(2 اَلشَّیْطٰنُ یَعِدُ کُمُ الْفَقْرَ (البقرۃ:268)

اَلْخَبَرُ: یَعِدُکُمُ الْفَقْرَ

☆ مُفْرَد نہیں ہے۔

☆ نہ ہی شِبْہُ جُمْلَہ ہے۔

☆خبرجُمْلَہ فِعْلِیَّۃ ہے۔

DARULIMAAN INSTITUTE

اَلشَّیْطٰنُ یَعِدُ(ھُوَ) کُمُ الْفَقْرَ

اَلْخَبْرُ " یَعِدُ(ھُوَ) کُمُ الْفَقْرَ "

☆فعل " یَعِدُ "

☆فاعل "ھُوَ"ضمیر مستتر مقدّر رابط عائد لِمبتدا، اَلشَّیْطٰنُ

☆خبر مفرد نہیں ہے۔

☆شِبْہُ جُمْلَہ نہیں ہے۔

☆خبرجُمْلَہ فِعْلِیَّۃ ہے۔

☆"کُمْ "ضمیر جمع حاضرفی محل نصبٍ۔مفعول بہٖ اوّل


☆ " اَلْفُقْرَ " مفعول بہٖ ثانی منصوب بالفتحہ

☆خبر،فعل+ فاعل+ مفعول اوّل+ مفعول ثانی سے مل کرجُمْلَہ فِعْلِیَّۃ ہوا۔

☆فی محل رفعٍ

DARULIMAAN INSTITUTE

## ب) <u>خُلَاصَةُ الْقَوَاعِد:</u>




DAR UL IMAAN INSTITUTE